© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**الفرقان سورۃ النسآء**، ترتیب و تہذیب: شیخ عمر فاروق۔ ناشر: جامعہ تدبرالقرآن ۱۵بی، وحدت کالونی، لاہور۔ فون: ۳۷۸۱۰۸۴۵۔ صفحات ۵۹۲، ہدیہ: وقف للہ تعالیٰ

آخری پارہ، بقرہ اور آلِ عمران کے بعد، شیخ عمر فاروق کی یہ ضخیم تالیف حسب سابق وقف للہ تعالیٰ ہے۔ قرآن کی تفہیم کے لیے معروف تفاسیر: تفہیم القرآن، تدبر القرآن، معارف القرآن، تیسیر القرآن، فہم القرآن اور کئی دوسری، کہیں کہیں عربی سے ترجمہ بھی انتخاب کر کے پیش کرتے ہیں۔ اس کے بعد تفہیم بالقرآن اور تفہیم بالحدیث کے تحت مفہوم سے متعلّق آیات و احادیث عربی متن و ترجمہ پیش کرتے ہیں۔ آخری عنوان آیات مبارکہ کی حکمت و بصیرت کے تحت ۱،۲،۳ کر کے نکات کے تحت آیت کے مزید نکات خصوصاً اخلاقی پہلو اور مسلمانوں کی موجودہ حالت کے حوالے سے بیان ہوتے ہیں۔ جابجا اشعار بھی جیسے جڑ دیے گئے ہیں جو مضمون کی وضاحت کرتے ہیں اور کشش کا باعث ہیں۔ ۱۷۶ آیات ۶۰۰ صفحات پر بیان ہوئی ہیں۔ اگر کوئی اوسطاً ۱۰ صفحے روز پڑھنے کا التزام کرے، دو ماہ میں قرآنی معارف کے بحرِ ذخار سے سیراب ہوگا (کتاب پر ایک پیسہ خرچ کیے بغیر!)۔

سورۂ نساء میں اہم معاشرتی مسائل اور جہاد کا تذکرہ ہے۔ اہلِ کتاب کے ساتھ کفار، مشرکین، منافقین کی بھی نقشہ کشی کی گئی ہے۔ نیز مخلص اہلِ ایمان اور رسولؐ اللہ کی اپنی ذاتِ گرامی کا بھی جگہ جگہ تذکرہ ملتا ہے۔

شیخ صاحب نے بڑی دلجمعی، ایمانی حرارت اور علمی وقار کے ساتھ تفسیری افادات کو مرتب کیا ہے۔ انھیں بس یہی فکر ہے کہ اُمت مسلمہ قرآن جیسی گوہرِ نایاب کتاب کو مقصدِ حیات بنا کر اپنی عظمت رفتہ کو پھر سے پالے۔ اس خدمت کے لیے وہ متلاشیانِ حق کی دعاؤں کے حق دار ہیں۔ بیرون لاہور کے احباب ۶۰ روپے کے ٹکٹ بھیج کر کتاب منگوا سکتے ہیں۔ (مسلم سجاد)



© rasailojaraid.com